AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

*further to amend the Income Tax Ordinance, 2001*

**WHEREAS**, it is expedient further to amend the Income Tax Ordinance, 2001 (XLIX of 2001), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

1. **Short title and commencement.** – (1) This Act shall be called the Income Tax (Third Amendment) Act, 2025.

(2) It shall, unless provided otherwise, come into force at once.

2. **Substitution of section 134A, Ordinance No. XLIX of 2001.** – In the Income Tax Ordinance, 2001 (XLIX of 2001), for section 134A the following shall be substituted, namely: –

"**134A. Alternative Dispute Resolution.** – (1) Notwithstanding anything contained in this Ordinance, or the rules made thereunder, an aggrieved person in connection with any dispute pertaining to–

(a) the liability of tax of fifty million rupees or above or admissibility of refund, as the case may be;

(b) the extent of waiver of default surcharge and penalty; or

(c) other specific relief required to resolve the dispute, may apply, except where criminal proceedings have been initiated, to the Board for the appointment of an alternative dispute resolution committee "Committee" under this section for the resolution of any dispute:

Provided that where the aggrieved person is a state-owned enterprise "SOE", the limit of tax liability mentioned in clause (a) of this sub-section (1) shall not apply and it shall be mandatory for such aggrieved SOE to apply to the Board for the appoinment of a Committee for the resolution of any dispute under this section:

Provided further that no suit, prosecution or other legal proceedings shall lie against the SOE or the Committee in relation to the dispute resolved under this section.

***Explanation.***– State-owned enterprise shall have the same meaning as assigned thereto in the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (VII of 2023).

(2) The application for alternative dispute resolution under sub-section (1) shall be accompanied by –

(a) initial proposition for resolution of the dispute; and

(b) an undertaking that if the applicant accepts the decision of the Committee, it shall be binding on him in all respects and shall on receipt of the decision within fifteen days withdraw any and all pending cases of any kind in respect of the dispute, mentioning details thereof:

Thursday, 30 October 2025

Provided that in case of SOE which is directly or indirectly, wholly owned by the Federal Government, the decision of the Committee shall be final and binding on the Commissioner and the SOE.

(3) The Chairman of the Board, after examination of the application of an aggrieved person, appoint a Committee, within fifteen days of receipt of such application by the Board, comprising, –

(a) a retired judge of a High Court or the Supreme Court having adequate experience in dealing with tax or commercial matters, who shall also be the Chairperson of the Committee, to be nominated by the Chairman of the Board from a panel of three names proposed by the nominee of the taxpayer under clause (c) of this sub-section. In case the Chairman disagrees with the names proposed by the persons nominated by the taxpayer in terms of clause (c), the Chairman of the Board shall require the nominees appointed under clause (b) and (c) to propose one name each of a retired judge of a High Court or the Supreme Court having adequate experience in dealing with tax or commercial matters, whereupon the Chairman shall appoint one of such persons to be the Chairperson of the Committee;

(b) an officer of the Inland Revenue not below BS 21, other than, the Chief Commissioner Inland Revenue having jurisdiction over the case; and

(c) a person to be nominated by the taxpayer from amongst –

(i) accountants within the meaning of the Chartered Accountants Ordinance, 1961 (X of 1961); or

(ii) cost and management accountants within the meaning of the Cost and Management Accountants Act, 1966 (Act No. XIV of 1966); or

(iii) advocates having a minimum of fifteen years' experience in the field of taxation; or

(iv) officers of the Inland Revenue who retired in BS 21 or above; or

(v) reputable businessmen from a list notified by the Board as recommended by the Federation of Pakistan Chamber of Commerce and Industry:

Provided that the taxpayer shall not nominate a chartered accountant or an advocate if the said chartered accountant or the advocate is or has been an auditor or an authorized representative of the taxpayer.

(4) The Chairman of the Board shall communicate the order of appointment of Committee to the aggrieved person, Court of law or Appellate Tribunal or tax authority where dispute is pending and to the Commissioner concerned.

(5) The Committee appointed under sub-section (3) shall examine the issue and may, if it deems necessary, conduct inquiry, seek expert opinion, direct any officer of the Inland Revenue or any other person to conduct an audit and shall decide the dispute by majority, within ninety days of its appointment.

(6) The decision by the Committee under sub-section (5) shall not be cited or taken as a precedent in any other case or in the same case for a different tax year.

(7) The recovery of tax payable by a taxpayer in connection with any dispute for which a Committee has been appointed under sub-section (3) shall be deemed to have been stayed on the constitution of Committee till the final decision or dissolution of the Committee, whichever is earlier.

Thursday, 30 October, 2025

(8) The decision of the Committee under sub-section (5) shall be binding on the Commissioner when the aggrieved person, being satisfied with the decision, has withdrawn the appeal pending before the court of law or Appellate Tribunal or tax authority in respect of dispute as mentioned in sub-section (1) and has communicated the order of withdrawal to the Commissioner:

Provided that if the order of withdrawal is not communicated to the Commissioner within sixty days of the service of decision of the Committee upon the aggrieved person, the decision of the Committee shall not be binding on the Commissioner.

(9) Subject to sub-section (10), the Commissioner shall also withdraw the appeal, if any, pending before any court of law or Appellate Tribunal or tax authority in respect of dispute as mentioned in sub-section (1) within thirty days of the communication of the order of withdrawal by the aggrieved person to the Commissioner.

(10) The aggrieved person shall make the payment of income tax and other taxes and within such time as decided by the Committee under sub-section (5) and all decisions and orders made or passed shall stand modified to that extent.

(11) If the Committee fails to decide within the period of ninety days under sub-section (5), the Chairman of the Board shall dissolve the Committee by an order in writing and the matter shall be decided by the court of law or Appellate Tribunal or tax authority, as the case may be:

Provided that in case of SOE, except an SOE, which is, directly or indirectly, wholly owned by the Federal Government, either party may prefer an appeal to the Supreme Court within a period of sixty days against a decision of the Committee or where no decision is made, upon receiving order of dissolution of the Committee.

(12) All petitions filed by the SOEs, directly or indirectly, wholly owned by the Federal Government, against the decision of the Committee made prior to commencement of the Income Tax (Third Amendment) Act, 2025 (Act No. of 2025) and pending before the Supreme Court or a High Court shall, upon commencement of the Income Tax (Third Amendment) Act, 2025 (Act No. of 2025), abate.

(13) Notwithstanding anything contained in sub-section (12), petitions filed by SOEs, which are not wholly owned by the Federal Government, against the decision of the Committee made prior to commencement of the Income Tax (Third Amendment) Act, 2025 (Act No. of 2025) and pending before High Court, shall upon commencement of the Income Tax (Third Amendment) Act, 2025 (Act No. of 2025) abate:

Provided that such SOEs may prefer an appeal to the Supreme Court against the decision of the Committee, within a period of sixty days from commencement of the Income Tax (Third Amendment) Act, 2025 (Act No. of 2025).

(14) The Chairman of the Board shall communicate the order of dissolution of the Committee to the aggrieved person, the Commissioner concerned and the court of law or Appellate Tribunal or tax authority, where the case was previously pending.

(15) On receipt of the order of dissolution, the court of law or Appellate Tribunal or tax authority, as the case may be, shall decide the case within ninety days of the communication of the said order.

(16) The Board may, from time to time, prescribe the amount to be paid as remuneration to the Chairperson of the Committee, which remuneration shall be paid by the Board and the taxpayer equally within a period of fifteen days from the constitution of the Committee under sub-section (3).

(17) The taxpayer shall be responsible for remuneration of a nominee under clause (c) of sub-section (3).

(18) Notwithstanding anything contained in this section: -

(a) the Supreme Court or a High Court, on its own motion or on the application of either party, may refer the dispute pending before it to the Board for resolution by the Committee to be appointed under sub-section (3):

Provided that where both parties agree to refer the dispute for resolution by the Committee, the court of law or Appellate Tribunal or tax authority seized of the dispute shall record the consent of both the parties and shall refer the dispute to the Board for appointment of the Committee under sub-section (3):

Provided further that all disputes of SOEs pending before any court of law or Appellate Tribunal or tax authority shall stand transferred to the Board for resolution by the Committee to be appointed under sub-section (3), upon commencement of the Income Tax (Third Amendment) Act, 2025 (Act No. of 2025), and

(b) Whenever any dispute is referred or transferred under clause (a) for resolution by the Committee, the Board shall, within fifteen days from the date of such order or transfer, appoint the Committee under sub-section (3).

(19) The provisions of the Income Tax (Third Amendment) Act, 2025 (Act No. of 2025) shall be subject to the provisions of section 6 of the General Clauses Act, 1897 (X of 1897) provided that the applicant including a SOE may make a fresh application for reconstitution of the Committee in accordance with the provisions of the Income Tax (Third Amendment) Act, 2025 (Act No. of 2025), if the Committee has not rendered its decision prior to its enactment.

(20) The Board may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this section.

## Statement of Objects and Reasons

The purpose of Income Tax (Third Amendment) Bill 2025 is to strengthen the Alternative Dispute Resolution (ADR) mechanism for resolving tax disputes. It addresses inadequacies in the earlier mechanism such as appointment of the Chairperson of ADR Committee. The bill aims to ensure impartiality and enhance efficiency in the ADR process, besides reducing litigation burden on courts. More aptly, the purpose of the bill is to make ADR a viable option for cost effective resolution of tax disputes.

**Bilal Azhar Kayani**
Minister of State for Finance

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء میں
# مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ ایسے طریقہ کار اور بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ء (۴۹ مجریہ ۲۰۰۱ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ انکم ٹیکس (ترمیم سوم) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) تاوقتیکہ کچھ اور فراہم کیا گیا ہو، یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۴۹ مجریہ ۲۰۰۱ء کی، دفعہ ۱۳۴ الف کی تبدیلی:۔** انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ء (۴۹ مجریہ ۲۰۰۱ء) میں، دفعہ ۱۳۴ الف کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''۱۳۴ الف۔ تنازعہ کا متبادل حل:۔ (۱) اس آرڈیننس یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد میں شامل کسی بھی امر کے باوصف، حسب ذیل سے متعلق کسی بھی تنازعہ کے سلسلے میں ایک متاثرہ شخص۔

(الف) پچاس ملین روپے یا اس سے بالا ٹیکس کے وجوب یا رقم کی واپسی کے جواز پر، جیسی بھی صورت ہو؛

(ب) عدم ادائیگی پر سرچارج اور جرمانے کی چھوٹ کی حد تک؛ یا

(ج) تنازعہ کے حل کے لیے مطلوب کوئی بھی خصوصی ریلیف، ماسوائے جہاں اس کے خلاف کوئی بھی فوجداری کارروائی شروع نہ ہوئی ہو، اس دفعہ کے تحت بورڈ کو کسی بھی تنازعہ کے حل کے لیے تنازعہ کے متبادل حل کی کمیٹی ''کمیٹی'' مقرر کرنے کی درخواست دے سکتا ہے۔

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں شخص ایک ریاست ملکیتی انٹر پرائز ''SOE'' ہو، تو ذیلی دفعہ (۱) کی شق (الف) میں بیان کردہ ٹیکس وجوب کی حد لاگو نہ ہوگی اور مذکورہ متاثرہ SOE کے لیے لازم ہوگا کہ وہ بورڈ کو ذیلی دفعہ (۱) کے تحت کسی بھی تنازعہ کے حل کے واسطے کمیٹی کے تقرر کے لیے درخواست کرے۔

**وضاحت:۔** ریاست ملکیتی انٹر پرائز کے وہی معنی ہوں جو اسے ریاست ملکیتی انٹر پرائزز (گورننس و آپریشن) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (۷ بابت ۲۰۲۳ء) میں تفویض کیے گئے ہیں۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت تنازعہ کے متبادل حل کے لیے درخواست حسب ذیل کے ہمراہ ہوگی۔

(الف) تنازعہ کے حل کی ابتدائی تجویز؛ اور

(ب) ایک تحریری عہد کہ، درخواست گزار کمیٹی کے فیصلے کو تسلیم کرے گا، وہ ہر پہلو سے اس پر لازم ہوگا اور پندرہ ایام کے اندر فیصلے کی وصول پر تنازعہ کی نسبت کسی بھی طرح کے تمام یا کوئی بھی زیر تصفیہ مقدمات واپس لے گا، ان کی تفصیل بیان کرے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ SOE کی صورت میں، جو کہ بلواسطہ یا بلا واسطہ، وفاقی حکومت کی ملکیت ہو، تو کمیٹی کا فیصلہ کمشنر اور SOE پر لازم ہوگا۔

(۳) بورڈ کا چیئر مین، متاثرہ شخص کی درخواست کی جانچ کے بعد، بورڈ کی جانب سے مذکورہ درخواست کی وصولی کے پندرہ ایام کے اندر ایک کمیٹی کا تقرر کرے گا، جو حسب ذیل پر مشتمل ہوگی،

(الف) ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کا ایک ریٹائرڈ جج جسے ٹیکس یا کمرشل معاملات سے نبٹنے کا مناسب تجربہ ہو، جو کمیٹی کا چیئر پرسن بھی ہوگا، اس کی نامزدگی بورڈ کے چیئر مین کی جانب سے تین ناموں کے پینل سے ہوگی جسے اس ذیلی دفعہ کی شق (ج) کے تحت ٹیکس دھندہ کے نامزد کردہ کی جانب سے تجویز کیا گیا ہو، اس صورت میں کہ اگر چیئر مین شق (ج) کے تحت ٹیکس دھندہ کی جانب سے تجویز کردہ ناموں سے عدم اتفاق کرتا ہے، تو بورڈ کا چیئر مین شق (ب) اور (ج) کے تحت نامزد کردہ سے تقاضا کرے گا کہ عدالت عالیہ یا عدالت عظمیٰ کے ایک ریٹائرڈ جج کا نام تجویز کرے جسے ٹیکس یا کمرشل معاملات سے نبٹنے کا مناسب تجربہ ہو، جس پر چیئر مین اُن میں سے ایک شخص کو کمیٹی کے چیئر مین کے طور

پر نامزد کرے گا؛

(ب) ان لینڈ ریونیو کا ایک افسر جو کہ بنیادی اسکیل ۲۱ سے کم نہ ہو، علاوہ ازیں چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو کے جسے کیس پر اختیار حاصل ہے؛ اور

(ج) ایک شخص جسے ٹیکس دھندہ حسب ذیل میں سے نامزد کرے۔

(اول) اکاؤنٹنٹس کے وہی معنی ہوں گے جو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آرڈیننس، ۱۹۶۱ (۱۰ مجریہ ۱۹۶۱) میں ہیں؛ یا

(دوم) لاگت و انتظامی اکاؤنٹنٹس کے وہی معنی ہوں گے جو لاگت و انتظامی اکاؤنٹنٹ، ایکٹ ۱۹۶۶، (ایکٹ نمبر ۱۴ بابت ۱۹۶۶) میں ہیں؛ یا

(سوم) وکلاء جو ٹیکسیشن کے شعبے میں کم از کم پندرہ سالہ تجربہ رکھتے ہوں؛ یا

(چہارم) ان الینڈ ریونیو کے بنیادی اسکیل ۲۱ یا بالا کے ریٹائرڈ افسران؛ یا

(پنجم) فیڈریشن آف پاکستان ایوان صنعت و تجارت کی جانب سے سفارش کردہ پر بورڈ کی جانب سے مشتہر کردہ فہرست میں سے ایک ممتاز کاروباری شخصیت:

مگر شرط یہ ہے کہ ٹیکس دھندہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ یا وکیل کو نامزد نہ کر سکے گا، اگر مذکورہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ یا وکیل ایڈیٹر ہو یا رہ چکا ہو یا ٹیکس دھندہ کا مجاز نمائندہ ہو۔

(۴) بورڈ کا چیئرمین کمیٹی کے تقرر کے حکم کی اطلاع متاثرہ فریق، عدالت قانونی یا اپیلیٹ ٹربیونل یا ٹیکس اتھارٹی اور متعلقہ کمشنر کو دے گا، جہاں تنازعہ زیر تصفیہ ہو۔

(۵) ذیلی دفعہ (۳) کے تحت تقرر کردہ کمیٹی، معاملے کی جانچ کرے گی اور، اگر وہ مناسب سمجھے، تو انکوائری کروائے گی، ماہر کی رائے طلب کرے گی، ان لینڈ ریونیو کے کسی افسر کو حکم دے گی یا کسی بھی دوسرے شخص کو کہ وہ آڈٹ کرے اور اپنے تقرر کے نوے ایام کے اندر تصفیے کا اکثریت سے فیصلہ کرے گی۔

(۶) ذیلی دفعہ (۵) کے تحت کمیٹی کا فیصلہ کسی بھی دوسرے کیس میں یا اسی مقدمہ کے مختلف ٹیکس سالوں کے لیے بطور حوالہ یا بطور نظیر نہ ہوگا۔

(۷) ٹیکس دھندہ کی طرف سے کسی بھی تنازعہ کے لیے، جس کی خاطر ذیلی دفعہ (۳) کے تحت کمیٹی کا تقرر کیا گیا، کمیٹی کی تشکیل پر ٹیکس کی وصولیاں التواء شدہ تصور ہوں گی، تاوقتیکہ کمیٹی کا حتمی فیصلہ یا تحلیل نہ ہو جائے۔

نہ ہوں کی جانب سے کمیٹی کے فیصلے کے خلاف درخواستیں، جو انکم ٹیکس (ترمیم سوم) ایکٹ، ۲۰۲۵ (ایکٹ نمبر بابت ۲۰۲۵) کے نفاذ سے قبل دائر کی گئیں ہوں اور ہائی کورٹ کے روبروز یر سماعت ہوں، وہ اس ایکٹ کے نفاذ کے ساتھ ہی ازخود خارج متصور کی جائیں گی:

مگر شرط یہ ہے کہ مذکورہ ریاستی ملکیتی ادارے کمیٹی کے فیصلے کے خلاف، انکم ٹیکس (ترمیم سوم) ایکٹ، ۲۰۲۵ (ایکٹ نمبر بابت ۲۰۲۵) کے نفاذ کے ساٹھ ایام کی مدت کے اندر سپریم کورٹ کو اپیل کر سکیں گے۔

(۱۴) بورڈ کا چیئرمین متاثرہ شخص، متعلقہ کمشنر اور عدالت قانون یا اپیلیٹ ٹربیونل یا ٹیکس اتھارٹی، جہاں مقدمہ قبل ازیں زیر سماعت تھا، کو کمیٹی کی تحلیل کے حکم سے مطلع کرے گا۔

(۱۵) حکم تحلیل کے موصول ہونے پر، عدالت قانون یا اپیلیٹ ٹربیونل یا ٹیکس اتھارٹی، جیسی بھی صورت ہو، مذکورہ حکم کے مطلع ہونے کے نوے ایام کے اندر معاملے کا فیصلہ کرے گی۔

(۱۶) بورڈ، وقتاً فوقتاً، کمیٹی کے چیئرمین کو ادا کیے جانے والے معاوضے کی رقم مقرر کر سکے گا، جو بورڈ اور ٹیکس گزار دونوں کی جانب سے مساوی طور پر ادا کی جائے گی، اور یہ ادائیگی کمیٹی کی تشکیل کے پندرہ ایام کے اندر کی جائے گی۔

(۱۷) ٹیکس گزار ذیلی دفعہ (۳) کی شق (ج) کے تحت نامزد شخص کے معاوضے کا ذمہ دار ہوگا۔

(۱۸) اسی دفعہ میں شامل کسی امر کے باوجود۔۔

(الف) سپریم کورٹ یا ہائی کورٹ، ازخود تحریک پر یا کسی بھی فریق کی درخواست پر یا ذیلی دفعہ (۳) کے تحت مقرر کی جانے والی کمیٹی کی درخواست پر اپنے روبروز یر سماعت تنازعہ کو تصفیہ کرنے کے لیئے بورڈ کو ارسال کر سکے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں دونوں فریقین تنازعہ کو کمیٹی، عدالت قانون، یا اپلیٹ ٹربیونل یا ٹیکس اتھارٹی کے ذریعے تصفیہ کے لیے رضامندی ظاہر کریں تو دونوں فریقین کی رضامندی قلمبند کی جائے گی اور زیر غور تنازعہ بورڈ کو ارسال کیا جائے گا تاکہ ذیلی دفعہ (۳) کے تحت کمیٹی کی تقرری کی جاسکے۔

مزید شرط یہ ہے کہ ریاستی ملکیتی اداروں (SOEs) کے تمام تنازعات جو کسی عدالت، اپیلیٹ ٹربیونل یا ٹیکس اتھارٹی کے روبرو زیر سماعت ہوں، وہ انکم ٹیکس (ترمیم سوم) ایکٹ ۲۰۲۵ (ایکٹ نمبر بابت ۲۰۲۵) کے نفاذ کے ساتھ ہی بورڈ کو منتقل متصور ہوں گے تاکہ ان کا ذیلی دفعہ (۳) کے تحت کمیٹی کے ذریعے تصفیہ کیا جا سکے۔

(ب) جب کبھی کوئی بھی تنازعہ شق (الف) کے تحت کمیٹی کے ذریعے تصفیہ یا منتقلی کے لیے بورڈ کو ارسال کیا جائے تو، وہ اس منتقلی یا حکم کی تاریخ سے، پندرہ ایام کے اندر کمیٹی کا تقرر کرے گی۔

(۱۹) انکم ٹیکس (ترمیم سوم) ایکٹ، ۲۰۲۵ (ایکٹ نمبر بابت ۲۰۲۵) کے تحت احکامات عمومی شقات ایکٹ، ۱۸۹۷ (ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۱۸۹۷) کی دفعہ ۶ کے احکامات کے تابع ہوں گے، مگر شرط یہ ہے کہ درخواست گزار بشمول ریاستی ملکیتی ادارہ (SOEs)، کمیٹی کی دوبارہ تشکیل کے لیے انکم ٹیکس (ترمیم سوم) ایکٹ، ۲۰۲۵ (ایکٹ نمبر بابت ۲۰۲۵) کے احکامات کی مطابقت میں نئی درخواست دائر کر سکیں گے، بشرطیکہ کمیٹی نے اس ترمیمی ایکٹ، ۲۰۲۵ کے نفاذ سے قبل اپنا فیصلہ صادر نہ کیا ہو۔

(۲۰) بورڈ سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے، اس دفعہ کی اغراض کی بجا آوری کے لیے قواعد وضع کر سکیں گا۔

# بیان اغراض ووجوہ

انکم ٹیکس (ترمیم سوم) بل، ۲۰۲۵ کا مقصد تنازعہ کا متبادل حل (ADR) کے نظام کو مستحکم کرنا ہے تاکہ ٹیکس کے تنازعات حل ہو سکیں۔ یہ پہلے نظام کی نااہلیوں کا مداوا کرے گا جیسا کہ چیئرپرسن ADR کمیٹی کا تقرر۔ بل کا مقصد انصاف پسندی کو یقینی بنانا اور ADR کے عمل میں کارکردگی کو بڑھانا ہے۔ اس کے علاوہ عدالتوں پر مقدمہ بازی کے بوجھ کو کم کرنا ہے۔ زیادہ درست انداز میں، اس بل کا مقصد ADR کو عملی بنانا ہے جو کہ ٹیکس کے تنازعات کا کم لاگت میں موثر حل کر سکے۔

**بلال اظہر کیانی**

وزیر مملکت برائے فنانس